## سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# نماز کی دعوت دینا

19 فروری 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **نماز کی دعوت دینے** کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **فرض نماز کے بعد کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ بھی لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## نماز کی دعوت دینا

### دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم:** تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر درود پڑھ کر آراستہ کرو بے شک تمہارا مجھ پر درود پڑھنا روزِ قیامت تمہارے لیے نور ہو گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

### نیک عمل نمبر 3

**پیارے اسلامی بھائیو!** اللہ پاک کے فضل سے امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اسلامی بہنوں، اسلامی بھائیوں اور طلبا وغیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اعمال کے مختلف رسائل عطا فرمائے ہیں تاکہ ہم ان سوالات کے ذریعے اپنا جائزہ لے کر گناہوں سے بچنے کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ نیکیاں کر سکیں۔ آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے **نیک عمل نمبر: 3** کے بارے میں سیکھیں گے۔

**نیک عمل نمبر 3:** کیا آج آپ نے گھر، بازار، مارکیٹ وغیرہ جہاں بھی تھے وہاں نماز کے اوقات میں نماز پڑھنے سے قبل **نماز کی دعوت** دی؟ (کاش! پانچوں نمازوں میں کسی کو اپنے ساتھ لیتے جائیں۔)

---

1 ...مسند الفردوس، جلد: 2، صفحہ: 291، حدیث: 3330۔

## آیت مبارکہ

اللہ پاک نے فرمایا:

وَ اْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ اصْطَبِرْ عَلَیْهَا

(پارہ:16، سورۂ طٰہٰ:132)

**تَرْجَمۂ کَنْزُ الْعِرفَان :** اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی نماز پر ڈٹے رہو۔

اس آیتِ مبارکہ میں **اَہْل** سے بالخصوص عزیز و اَقارب یعنی بیوی، بچے، بہن بھائی وغیرہ اور بالعموم تمام مسلمان مراد ہیں۔(1) تفسیرِ قرطبی میں ہے: آیتِ مبارکہ میں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو خطاب فرمایا گیا ہے، البتہ اس حکم میں ساری امت شامل ہے کہ ہر شخص کو چاہیے وہ خود بھی پابندی سے نماز پڑھے اور گھر والوں کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی اس کی خوب دعوت دے۔(2)

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

❁ نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا صدقہ ہے(3) ❁ اسی طرح ایک اور مقام پر ہے: جو شخص ہدایت کی طرف بلائے اس کو تمام عاملین (عمل کرنے والوں) کی طرح ثواب ملے گا اور اس سے ان (عمل کرنے والوں) کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہو گی۔(4)

**مختصر شرح:** اس حدیث پاک سے معلوم ہوا: اگر کسی کی دعوت سے 1 لاکھ نمازی بنیں تو دعوت دینے والے کو 1 لاکھ نمازوں کا ثواب ملتا رہے گا۔(5) امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ لکھتے ہیں: جب بھی نماز کے لیے مسجد کی طرف جانے لگیں، دوسروں کو ترغیب دے کر ساتھ لیتے جایئے، اگر آپ کے سبب ایک

---

1 ... تفسیر رازی، پارہ:16، تحت الآیۃ:132، جلد:8، صفحہ:115۔
2 ... تفسیر قرطبی، پارہ:16، تحت الآیۃ:132، جلد:6، صفحہ:122۔
3 ... مسلم، کتاب الزکاۃ، باب بیان ان اسم الصدقۃ...الخ، صفحہ:362، حدیث:1006، ماخوذاً۔
4 ... مسلم، کتاب العلم، باب من سن سنۃ حسنۃ او دعا الی ھدی...الخ، صفحہ:1032، حدیث:2674۔
5 ... مرآۃ المناجیح، جلد:1، صفحہ:160۔

بھی نَمازی بن گیا تو جب تک وہ نَمازیں پڑھتا رہے گا اُس کی ہر ہر نَماز کا آپ کو بھی ثواب ملتا رہے گا۔[1] اور اگر کوئی شخص نماز کی دعوت تو دے لیکن کوئی نماز کے لیے حاضر نہ ہو، پھر بھی اللہ پاک نے چاہا تو اسے ثواب ضرور ملے گا۔

## نماز کی دعوت دینے کے احکام

(1): نماز نہ پڑھنے والے کے تعلق سے غالب گمان ہے کہ اسے نماز کی دعوت دیں گے تو نماز پڑھ لے گا تو اسے نماز کی **دعوت دینا واجب** ہے، نہ دی تو گنہگار ہوں گے۔ (2): اسی طرح جو بغیر کسی شرعی عذر کے جماعت گزار کر نماز پڑھتا ہے اس کے متعلق بھی غالب گمان ہے کہ سمجھائیں گے تو جماعت سے نماز پڑھنا شروع کر دے گا تو اب اُسے سمجھانا **واجب** ہے، نہیں سمجھائیں گے تو **گنہگار** ہوں گے[2] (3): جب بچے کی عمر 7 سال ہو جائے، تو سرپرست پر لازم ہے کہ اسے نماز کا حکم دے، جب 10 سال کا ہو جائے اور وہ نماز نہ پڑھے تو مار کر **پڑھوانا واجب** ہے، اگر ایسا نہ کیا تو سرپرست بھی **گنہگار** ہو گا۔[3]

## نماز کی دعوت دینے کے فائدے

۞ نماز کی دعوت دینا عظیم نیکی ہے ۞ خود اپنی نمازوں کی پابندی ہوتی ہے ۞ جو نماز کی دعوت دے اس کی دعوت سے جتنے لوگ نمازی بنیں گے ان کی نمازوں کا بھی ثواب ملتا رہے گا ۞ نماز یا کسی بھی نیک کام کی دعوت دینا صدقہ ہے ۞ جو نماز، روزہ وغیرہ نیکی کے کاموں کی دعوت دے، اس کے لیے ہر ہر کلمے کے بدلے ایک ایک سال کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے ۞ جو نماز وغیرہ یا کسی بھی نیک کام کی دعوت دیتا ہے، قیامت کے دن اسے جنت الفردوس نصیب ہو گی۔

---

1 ... نیکی کی دعوت، صفحہ: 130۔

2 ... بہارِ شریعت، جلد: 3، حصہ: 16، صفحہ: 615، مفصلاً۔

3 ... فتاوی رضویہ جلد: 10، صفحہ: 345-346، بتغیر قلیل۔

## نماز کی دعوت دینے کی عادت بنانے کے طریقے

❁ نیکی کی دعوت دینے کے فضائل و فوائد پیش نظر رکھیے ❁ زیادہ سے زیادہ نیکیاں جمع کرنے کی حرص پیدا کیجئے ❁ جب بھی نماز کے لیے مسجد جائیں تو راستے میں جو شخص ملے اسے نماز کی دعوت دیتے جایئے ❁ صبح جب فجر میں اٹھیں تو دوسروں کو بھی جگا دیجئے! اور راستے میں بھی فجر کے لیے جگاتے جایئے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:3 کے مطابق **نماز کی دعوت دینے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیت کیجئے کہ خود بھی باجماعت نماز پڑھیں گے اور دوسروں کو بھی نماز کی خوب دعوت دیں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بِجاہِ خاتمِ النبیّٖن صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### فرض نماز کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

**ترجمہ:** اے اللہ تو سلامتی دینے والا ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے تو برکت والا ہے اے جلال و بزرگی والے۔[1]

---

1 ... مسلم، کتاب المساجد، باب استحباب الذکر بعد الصلاۃ، صفحہ:217، حدیث 592۔

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40): ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟ (45): بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46): کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47): چوک درس دیا یا سنا؟ (48): والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49): اِسْراف سے بچے؟ (50): ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟ (52): زبان کے گناہوں سے

بچے؟ (53): فضول باتوں سے بچے؟ (54): مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟ (55): عمامہ شریف باندھا؟ (56): ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57): اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟ (58): ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟ (59): ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟ (60): یومِ تعطیل اِعتِکاف کیا؟ (61): مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟ (62): ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟ (63): ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟ (64): علاقائی دورہ کیا؟ (65): پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟